لغات القرآن

عربی ○ اردو

تالیف

داعی قرآن الحاج عبدالکریم پاریکھ

عربی — اردو

مؤلفہ

مولانا عبدالکریم صاحب پاریکھ

ناگپور ۔ انڈیا

مجلس نشریاتِ اسلام

۱۔کے۔۳۔ ناظم آباد مینشن۔ ناظم آباد ۱ کراچی ۱۸

پہلی بار	انڈیا	مارچ ۱۹۵۲
دوسری بار	"	جولائی ۱۹۵۴
تیسری بار	"	جولائی ۱۹۶۰
چوتھی بار	"	ستمبر ۱۹۶۲
پانچویں بار	"	نومبر ۱۹۶۳
چھٹی بار	"	اگست ۱۹۶۵
ساتویں بار	انڈیا	دسمبر ۱۹۶۸
آٹھویں بار	"	ستمبر ۱۹۶۹
نویں بار	"	جون ۱۹۷۳
دسویں بار	"	ستمبر ۱۹۷۸
گیارھویں بار	کراچی	اکتوبر ۱۹۸۲
بارھویں بار	"	جنوری ۱۹۸۵
تیرھویں بار	کراچی	فروری ۱۹۹۲

طباعت .... تیکیل پرنٹنگ پریس۔ کراچی
ضخامت .... ۲۸۶ صفحات
ٹیلیفون ۶۲۱۸۱۷

ناشر
فضل ربی ندوی
مجلس نشریات اسلام ۱۔ کے۔ ۳ ناظم آباد مینشن۔ ناظم آباد نمبر ۱ کراچی ۱۸

عالم اسلام کے مشہور مفکر

حضرت مولانا سید ابوالحسن علی ندوی مدظلہ العالی کا ارشاد گرامی

الحمد للہ وسلام علی عبادہ الذین اصطفٰی

امابعد! قرآن مجید آخری آسمانی کتاب اور انسانیت کے نام اللہ کا آخری پیغام ہے اور اس لحاظ سے قیامت تک کے لیے آنے والی انسانی نسلوں کی اخروی سعادت ونجات اور دنیاوی صلاح وفلاح اسی سے متعلق ووابستہ ہے یا دوسرے لفظوں میں یہ کہ تمام انسانوں کی دینی ودنیوی کامیابی اور انسانیت کی تقدیر اس عظیم کتاب سے وابستہ ومنسلک ہے۔ اس لیے اس کی شرح وتفسیر، اس کے معانی ومطالب کا افہام وتفہیم اور اس کے ابدی پیغام کی طرف دعوت اور [illegible] تبلیغ ایک دائمی ضرورت ہے۔

مبارک ہیں وہ لوگ جن سے قرآن کریم کی کوئی خدمت لے لی جائے اور اس خدمت کو دنیا میں بھی قبول عام حاصل ہو جائے، اور قرآن کے پڑھنے والے اس سے مستفید ہوں اور قرآن فہمی میں انہیں آسانی حاصل ہو۔

قرآن کے خدمت گزاروں میں ایک نام محبی الحاج عبدالکریم صاحب پاریکھ کا بھی ہے جن کو لوگ ان کی طویل خدمات کے سبب ایک مبلغ اسلام اور داعی قرآن کی حیثیت سے عرصہ سے جانتے اور ان کی تقریروں سے مستفید ہوتے ہیں۔ ناگپور کے علاقہ میں ان کے درس قرآن نے مسلم نوجوانوں اور جدید تعلیم یافتہ طبقہ کو بہت متاثر کیا اور ان میں دین کا شوق اور قرآن کا ذوق پیدا کر دیا۔ اور وہ اپنی تجارتی مصروفیتوں کے ساتھ ساتھ اب بھی یہ دینی

خدمت انجام دے رہے ہیں۔

ان کی کتاب "لغات القرآن" بھی اسی سلسلے کی کڑی ہے جسے انھوں نے قرآن کو عوام و خواص تک پہنچانے اور اس سے استفادہ کو آسان بنانے کے لیے لکھا تھا۔ اس کی مقبولیت کا کچھ اندازہ اس سے بھی ہوتا ہے کہ ۱۵، ۲۰ سال کے عرصہ میں اس کے تقریباً ایک درجن ایڈیشن بڑی تعداد میں نکل گئے۔ انھوں نے مستند اردو تراجم کو سامنے رکھ کر ہر پارے کے مشکل الفاظ کا ترجمہ موقع محل کے لحاظ سے کر دیا ہے۔ افعال کے سامنے ان کے حروف اصلی بھی لکھ دیئے ہیں اور انگریزی داں طبقہ کی سہولت کے لیے کہیں کہیں الفاظ کے انگریزی معانی بھی دے دیئے ہیں اور کتاب کے شروع میں مختصر طور پر نحوی قواعد بقدر ضرورت آ گئے ہیں۔ اس طرح یہ کتاب قرآن مجید کی کلید اور "گائیڈ بک" بن گئی۔ یہاں یہ وضاحت ضروری ہے کہ مصروفیات کے سبب کتاب پر جستہ جستہ نظر ہی ڈالنے کا موقع مل سکا۔ اللہ تعالیٰ مؤلف کو جزائے خیر دے اور کتاب کی افادیت و مقبولیت میں مزید اضافہ فرمائے۔

ابوالحسن علی ندوی

ناظم ندوۃ العلماء لکھنؤ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

نقشِ اوّل تا نقشِ ثانی

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ جَعَلَ لِکُلِّ شَیْئٍ سَبَبًا ۝ وَاَنْزَلَ عَلٰی عَبْدِہٖ کِتَابًا عَجَبًا!! فِیْہِ مِنْ کُلِّ شَیْئٍ حِکْمَۃً وَّ نَبَأً والصلوٰۃ والسلام علیٰ مُحَمَّدٍ اَشْرَفِ الْخَلِیْقَۃِ عَجَمًا وَّعَرَبًا

اللہ تعالیٰ کا بہت بڑا فضل و احسان ہے کہ زمانۂ حال میں مسلمانوں کے بہت سے طبقے قرآن پاک کو سمجھ کر پڑھنے کی طرف مائل ہو رہے ہیں۔ اور الحمد للہ کہ ان لوگوں کی تعداد برابر بڑھتی جا رہی ہے۔ ان حضرات کی سہولت کے پیشِ نظر احقر نے "آسان لغات القرآن" کے نام سے ایک مجموعہ قرآنی الفاظ کا تلاوت کی ترتیب پر جمع کر کے مارچ ۱۹۵۲ء میں شائع کیا تھا۔ رب اکبر کا فضل و احسان ہی تھا کہ یہ مجموعہ مقبول ہوا۔

پہلا ایڈیشن ختم ہوتے ہی دوسرے ایڈیشن کی ضرورت محسوس ہوئی اور اسی دوران میں جو مخلص دوست اس کتاب سے فائدہ اٹھا چکے تھے اور ہند و پاک کے بعض دینی رسائل جو اس کتاب پر ناقدانہ تبصرہ کر چکے تھے اور بعض علماء کرام کے جو مشورے اور تجربات جواب تک آ چکے تھے ان سب مفید اور مخلصانہ اصلاحی اشارات کو سامنے رکھتے ہوئے دوسرا ایڈیشن ۱۹۵۴ء میں نظرِ ثانی کے بعد تیار کیا گیا۔ پہلے ایڈیشن میں بہت سے الفاظ جو عام طور پر اچھے اردو داں لوگ جانتے ہیں، انھیں چھوڑ دیا گیا تھا مثلاً عَوْرَتٌ، قَمِيْصٌ، تِجَارَةٌ، زِيَادَةٌ، اِحْسَانٌ، حَسَنٌ، عَجِيْبٌ، وَالِدٌ، طَعَامٌ، اِمْسَاكٌ وغیرہ۔ اسیطرح نِعْمَتْ، اَسْبَاب، غَالِب، وَالِدَيْن، تَاْوِيْل جیسے الفاظ بھی زائد مان کر چھوڑ دئے گئے تھے کہ اردو زبان میں یہ الفاظ روزمرہ استعمال میں

آتے ہیں۔ لیکن علماء کرام کے مشورے سے دوسرے ایڈیشن میں اس کی اصلاح کرلی گئی اور تقریباً تمام الفاظ کو جمع کرنے کی کوشش کی گئی۔ یہ مجموعہ الفاظ بھی قرآن کے نازل کرنے والے نے عوام میں مقبول کرادیا اور دوسرا ایڈیشن بھی ہاتھوں ہاتھ نکل گیا۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ وَالشُّکْرُ لِلّٰہِ

اللہ تعالیٰ کے بے پایاں رحمت کے صدقے اب یہ تجربہ حاصل ہوا کہ سینکڑوں کی تعداد میں کاروباری، تاجر پیشہ، کم پڑھے لکھے لوگوں کے ساتھ خواتین کا ایک مخصوص طبقہ اور مزدور پیشہ بھائیوں کے ساتھ ساتھ کالج کے طلبہ اور دینی مدارس کے فارغین تک کتاب اللہ کی تلاوت حق تلاوتہ سے مستفیض ہوئے، اور یہ سب نہایت ہی کم وقت میں سہل الحصول کے طریق پر عربی کے گرامر کے بعد قرآن پاک کے لفظی معنیٰ یاد کرکے ترجمہ کرنے کے قابل ہوگئے اور ساتھ ہی ساتھ نماز اور تراویح وتلاوت میں لوگوں کی دلچسپی بھی بہت سے علاقوں میں بڑھنے لگی کہ نماز اور تلاوت میں جو کچھ کلام پاک پڑھا جائے اسے اگر کسی درجہ میں سمجھا جائے تو عبادت کا لطف کچھ اور ہی آنے لگتا ہے۔ پھر اس کتاب کے ذریعہ الحمدللہ ایک خاص طبقہ وجود میں آیا جو مختلف مسلک کے لوگوں کا مجموعہ ہونے کے باوجود عقائد میں بُنْیَانٌ مَّرْصُوْصٌ بن کر قرآن مجید کی مرکزی دعوت توحید و رسالت، حشر وحساب اور جنت ودوزخ کا پختہ یقین لے کر داعیانہ کردار ادا کرنے کے لئے باہم مربوط ہونے لگا۔ جو آگے چل کر "مَجْلِسِ تَعْلِیْمُ الْقُرْاٰن" بن کر اللہ کی کتاب کی خدمت انجام دینے میں خالص رضائے الٰہی کے کام میں جٹ گیا۔ اور بہنوں بھائیوں کا ایک سیل رواں قرآن سیکھنے سکھانے میں لگ گیا۔ نیز فرقہ واریت، گروہی عصبیت، شرک بدعات اور رسمی دین داری کے بالمقابل توحید، حب اللہ، حقیقی دین داری، وحدت امت، صاحب قرآن سیدنا محمد الرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سچی محبت واطاعت کی صفات، تقویٰ، خشیت الٰہی، خوفِ یوم الحساب ،

امر بالمعروف، نہی عن المنکر اور عام انسانوں کی بھلائی کے کام کے لئے ایک گروہ علم اور عمل کی وادی میں آگیا۔

احقر کے ناقص خیال میں یہ بات تجربہ کے بعد بیٹھ سی گئی کہ بہت سے مخلص دوست بھائی اور بہنیں جو مہینوں گرامر کے تمام اصول جان لینے کے چکر میں رہے اور جب کوئی نتیجہ نہیں نکلا تو مایوس ہو کر بیٹھ گئے۔ اس لئے طالب علم کو دماغی کشمکش میں ڈالے بغیر سنہ ۱۹۶۰ء کے تیسرے ایڈیشن میں عربی کے نو۹ سبق بھی تیار کئے گئے۔ اور ان اسباق میں پوری کوشش کی گئی کہ دماغی الجھن کے بغیر فطرت کے طریقۂ تعلیم پر الفاظ کی ڈھلائی کا طریقہ بتا کر سادہ ڈھنگ پر گرامر کے چند اصولوں کو شامل کیا جائے اور اب الحمدللہ یہ کتاب بڑی حد تک لوگوں کو تعلیم القرآن سے قریب ہونے کا ذریعہ بنتی رہی اور مسلسل سنہ ۱۹۷۳ء تک اس کے نو۹ ایڈیشن شائع ہوئے۔ یہ محض قرآن کے بھیجنے والے اور نازل کرنے والے کے فضل وکرم سے ہوا اور سارا کریڈٹ CREDIT اللہ کے رسول کی لائی ہوئی کتاب کا اللہ کے رسول کے لئے ہی مخصوص ہے۔ ہم عاصیوں خاطیوں سے جو کچھ ہو جائے وہ ہماری کسی فضیلت کی وجہ نہیں بن سکتا۔ بلکہ محض اللہ تعالیٰ کا فضل وکرم ہی کہنا چاہیئے۔

یہ بات تو سب لوگ جانتے ہیں کہ قدرتی طور پر بچہ ابتدا میں صرف ونحو اور گرامر نہیں سیکھتا بلکہ الفاظ بولتا اور یاد کرتے جاتا ہے۔ پھر ماحول سے الفاظ کو لیتا ہے یہاں تک کہ الفاظ کی ڈھلائی کا علم بھی اسے بکثرت الفاظ کے یاد ہونے پر خود بخود آنے لگتا ہے۔ چند ماہ میں بچہ جب اپنی مادری زبان بولنے لگتا ہے تب بھی اسے گرامر کی اتنی شدید ضرورت نہیں پڑتی جتنی کہ بول چال میں حصہ لینے اور الفاظ کا ذخیرہ بنانے کی ہوتی ہے ذو معنیٰ الفاظ کا محل بھی آدمی جب بول چال میں حصہ لیتا ہے تب معلوم ہوتا ہے بعض الفاظ ہر زبان میں کئی کئی معنیٰ میں استعمال ہوتے ہیں۔ لیکن بول چال میں حصہ

لینے اور عبارت میں ان الفاظ کو دیکھ کر ہر آدمی اس کے معنیٰ سمجھنے میں دشواری محسوس نہیں کرتا۔ البتہ عبارت سے ذو معنیٰ لفظ کی علیحدگی اور بول چال کے ماحول سے دوری میں ہر شخص کو پریشانی ہونا قدرتی بات ہے۔ اسی ضرورت کے پیش نظر اس لغات القرآن میں کوئی لفظ اگر ایک جگہ ایک معنیٰ میں اور دوسری جگہ دوسرے معنیٰ میں آیا ہے تو دوسری تیسری بار اسے لکھ کر عبارت کے لحاظ سے معنیٰ لکھ دئے گئے ہیں۔

مثال کے طور پر قرآن مجید میں بہت سے الفاظ دو یا تین معنیٰ میں استعمال ہوئے ہیں۔ تو وہاں اس عبارت اور پوری آیت (سیاق وسباق) میں ایسا لفظ دیکھنے پر معلوم ہو جاتا ہے کہ کس معنیٰ میں یہ لفظ استعمال ہوا ہے۔ مثلاً ما، تَوَلّٰی حُسْن، اِحْسَان، حِسَان وغیرہ ٹھیک اسی طرح ہماری زبان میں لفظ خلاص یا ختم ہوگیا ہم کہتے ہیں تو عبارت سے اس لفظ کے تعلق کی بنیاد پر ہی معنیٰ کا تعین ہوگا۔ جیسے کہ پانی خلاص ہوگیا، مریض خلاص ہوگیا یا ختم ہوگیا، کاروبار ختم ہوگیا۔ اب فیصلہ فرمائیں کہ ہمارے روزمرہ کے معاملات میں ہم لوگ ایک لفظ خلاص اور ختم کو کبھی واقعی پانی کے ختم یا خلاص ہونے کو بولتے ہیں، لیکن یہی لفظ موت اور دیوالہ کے لئے بھی استعمال ہوتا ہے اسی طرح کھانا پینا، چغلی کھانا، رشوت کھانا، مار کھانا، رحم کھانا، قسم کھانا، خوف کھانا اب اگر کسی دیہاتی سے بھی ہم یہ کہیں کہ رحم کھاؤ تو وہ اس کا مطلب روٹی کھاؤ کی طرح نہیں لے گا۔

لفظ سونا کو لیجئے یہ نیند لینے کے لئے بھی بولا جاتا ہے اور سونے کے زیورات کے لئے بھی۔ اور کون نہیں جانتا کہ ہم کسی سے کہیں کہ جائیے تو وہ اس کا مطلب چلے جائیے لے گا۔ لیکن اندر آجائیے، بیٹھ جائیے کا مطلب تو تشریف لائیے ہوگا یہاں "جائیے" کا مطلب کوئی بھی چلے جائیے نہیں لے گا۔ اسی پر قیاس کرنا چاہیئے کہ ہر زبان میں ذو معنیٰ لفظ ہوتے ہیں اور عبارت کے اعتبار سے اس کے معنیٰ متعین کرنا دیہاتی گنوار بھی

جانتے ہیں۔ اور یہ بات تمام انسانی زبانوں میں پائی جاتی ہے۔ عبارت سے الگ لفظ کے معنیٰ کبھی کچھ اور ہوتے ہیں اور کسی ایک عبارت میں آنے پر اس کے معنیٰ خاص اور متعین طور پر ہوتے ہیں اور دوسری عبارت میں دوسرے معنیٰ ہوتے ہیں۔ پس عاجز کا مقصد اس بحث سے یہ ہے کہ قرآن پاک کے معاملہ میں پوری عبارت دیکھنے کی مشق کرائی جائے یہ طریقہ فطرت کے موافق ہوگا۔ ایسا اس احقر کا خیال ہے۔

اس مجموعۂ الفاظ قرآنی میں حسب ذیل تراجم، تفاسیر، حدیث و لغات سے استفادہ کیا گیا ہے، تفسیر جلالین، تفسیر قادری، موضح القرآن شاہ عبدالقادر صاحبؒ، ترجمہ شاہ رفیع الدین صاحبؒ، تفسیر بیان القرآن مولانا اشرف علی تھانویؒ۔ ترجمہ مولانا احمد رضا خاں صاحب بریلویؒ اور نعیم الدین صاحب مراد آبادی کی تفسیر، ترجمہ فتح محمد خاں صاحب جالندھری، تفہیم القرآن از مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودی صاحب، مولانا عبدالماجد صاحب دریابادی کی تفسیر ماجدی، ترجمہ مولانا ثناء اللہ صاحب امرتسری ترجمہ ڈپٹی نذیر احمد صاحب، گجراتی میں غلام محمد صاحب صادق، ہندی میں بشیر احمد صاحب اور محمد فاروق خاں صاحب، انگریزی میں علامہ عبداللہ یوسف علی صاحب اور محمد مارماڈیوک پکتھال صاحب۔

احادیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں خاص طور پر بخاری شریف، اور صحاح ستہ کی تمام تر وہ حدیث جو قرآن کے کسی آیت یا جملہ کی شرح میں حضور صاحب قرآن محمد الرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہیں، انھیں بھی ہر جگہ سامنے رکھا گیا ہے۔ لغات القرآن میں قاضی زین العابدین صاحب سجاد میرٹھی کی قاموس القرآن اور اس لغات القرآن میں قریب قریب ہر معروف لغت کا نچوڑ سامنے رکھا گیا اسی طرح کسی ایک لفظ میں بھی معنیٰ کے لحاظ سے مطلق آزادی نہیں برتی گئی اور تمام علماء کرام کے تراجم، تفاسیر اور لغات کا ایک سنگم یا حسین امتزاج جمع کیا گیا۔ باقی کسی لفظ کا آزاد ترجمہ ہرگز نہیں کیا گیا، بلکہ کسی نہ کسی

عالم ربانی کے ترجمہ وتفسیر میں سادہ اور قرآن کے مزاج سے قریب عمدہ، اچھے اور مناسب معنیٰ کا انتخاب کیا گیا۔ استفادہ کرتے وقت علماء امت کے کئے ہوئے عظیم کام میں الفاظ کا یہ انتخاب عام فہم، فصیح اور طاقتور نیز موجودہ زمانہ میں زبان کی ترقی کا خیال رکھ کر کیا گیا ہے، تاہم کسی بھی بشری کام کو مکمل اور سو فی صد کامیاب کہنا صحیح نہیں ہے اور یہ کسی علمی کام کی برائی بھی نہیں بلکہ بندہ شرمندہ ہے، بھول چوک ہونا اس کی فطرت میں شامل ہے، آپ کہیں کسی غلطی کی نشاندہی کریں گے تو میں عمر بھر شکر گزار اور دعا گو رہوں گا کہ اس علمی خدمت میں آپ نے بھی میرا ہاتھ بٹایا۔ جزاکم اللہ۔

اب الحمدللہ کہ کتاب کا دسواں ایڈیشن آپ کے ہاتھ میں ہے اور خدا کا شکر ہے کہ اس کتاب کا ہندی ایڈیشن جناب نند کمار صاحب اوستھی نے لکھنؤ میں شائع کیا ہے۔

آپ چاہیں تو اس پتہ پر منگا سکتے ہیں:۔

BHUWAN VANI TRUST
Chaupalia Road, LUCKNOW

اسی طرح اس لغات القرآن کا خالص انگریزی ایڈیشن عربی کے متن کے ساتھ الحسنات رام پور والوں نے شائع کیا ہے اب ہندی انگریزی اردو عربی چاروں زبانوں میں یہ کتاب الحمدللہ دستیاب ہے۔

نئے ایڈیشن میں ناظرین کی سہولت کے لئے ہر لفظ کا سلسلہ وار نمبر دیا گیا ہے۔

کسی نمبر کا لفظ بار بار آیا ہو تو اس میں "دو" مقصد سامنے رکھے گئے ہیں ایک تو ذو معنیٰ ہونے پر الگ الگ لکھنا ضروری تھا، دوسرے بار بار کی تکرار سے یاددہانی خوب اچھی طرح ہوگی اور ہمت بھی بڑھے گی کہ یہ لفظ تو ہمیں یاد ہے اسی طرح ہر رکوع کے خاتمے پر ع کا نشان آپ دیکھیں گے۔ یہ سلسلہ بیس پاروں تک ہے اس کے بعد پاؤ آدھے اور پون کے نشان آپ کو ملیں گے۔ سورتوں کے نمبر بھی ترتیب وار دیئے گئے ہیں

ناظرین سے خصوصی گذارش ہے کہ ابتدا میں عربی کے نو۹ سبق اچھی طرح حفظ یاد کر لینے کے بعد اس لفظی مجموعہ کو ایک ایک رکوع تک یا جیسے سہولت ہو یاد کرتے رہیں۔ پھر ترجمہ از خود کریں۔ اور اطمینان کے لئے اپنے کسی بھی مستند اور پسندیدہ عالم کے ترجمہ سے ملا کر دیکھ لیں، انشاء اللہ ہمت خوب بڑھ جائے گی اور دل میں وسعت پیدا ہوگی۔ اسی طرح کثرت مطالعہ سے ایک وقت ایسا بھی آجائے گا کہ آپ بغیر کسی ترجمہ قرآن کے قرآن کو اسی کی زبان میں سمجھتے چلے جائیں گے۔ تب آپ کو تلاوت کی حلاوت کا اندازہ ہوگا کہ کتنی بڑی نعمت سے اب تک ہم انجان تھے۔ آگے اللہ رب العزت عمل کی توفیق بھی عطا فرمائے گا۔ محنت کے ساتھ ساتھ اللہ سے دعا بھی کرنی چاہئے کہ وہی عَلَّمَ الْقُرْاٰنَ قرآن کا علم دینے والا اور اس کی نسبت اپنی طرف کرنے والا ہے۔ اگر اس کی مدد شامل حال نہیں تو لاکھ کوشش کے بعد بھی کچھ حاصل نہ ہوگا۔ ہدایت کی طلب اور جستجو اسی کی بارگاہ میں کرتے رہنے سے وہ سمیع العلیم ہر کسی کی پکار کو سنتا ہے۔

انڈیکس کی مدد سے یا اشاریہ میں آیتوں کے اگلے پچھلے حصے دیکھ کر اپنے سابقہ اور رٹے شدہ خیالات کی تائید میں جو لوگ قرآن کے بارے میں بات کرتے ہیں، انھیں اصل کلام اللہ کی چاشنی اور حلاوت سے محرومی ہے اور ایسے لوگ علم کی دنیا میں دیانتدار نہیں مانے جاسکتے اور در اصل قرآن کے بھیجنے والے اور لانے والے کی عظمت سے انھیں واقفیت ہی نہیں۔ اسی لئے بعض ایسے لوگوں نے انکار سنّت یا انکار حدیث کا فتنہ بھی کھڑا کیا کہ عمل صالح اور نمونے سے چھٹی ملے۔ دماغی عیاشی کے لئے، بحث و مباحثہ کے لئے تنگ بندی کرنے والے ان اصحاب کو بعض سادہ لوح مفکرین نے اہل قرآن جیسے عظمت والے خطاب سے نواز دیا۔ حالانکہ ایسے افراد کو ابھی قرآن کی ہوا بھی نہیں لگی۔ پھر چونکہ یہ نام نہاد اہل قرآن حدیث کا استخفاف اور انکار کر کے سنّت کو بیچ سے ہٹا دینا چاہتے تھے اس لئے ان کی مدافعت کے لئے اہل حق صالح علماء ربانی کا ایک بڑا گروہ حدیث کی مدافعت پر کھڑا ہوا۔ لیکن

بحث وتکرار میں کبھی کبھی حد اعتدال سے آگے بڑھ جانا ایک فطری کمزوری ہے (جس سے صرف اللہ کے نبی ہی محفوظ رہتے ہیں) جس کی وجہ سے اہل حق کی بعض محترم ہستیوں نے قرآن کے پڑھنے پڑھانے والوں کو بھی پست ہمت کردیا کہ یہ ہر ایک کا کام نہیں۔ اس طرح شیطان کو دوہرا مقصد حاصل ہوگیا کہ قرآن کی مدافعت کرنے والے بے عمل اور جاہل نکلے اور جو لوگ حدیث وسنّت کی مدافعت کرنے والے تھے انھوں نے قرآن پڑھنا سمجھنا بہت مشکل اور دور کی بات بتانا شروع کیا۔ اور اس راہ کے بے شمار خیالی خطرات کا تذکرہ ہونے لگا۔

میرا یہ تجربہ ہے کہ جو شخص بھی پورا قرآن سمجھ کر پڑھے گا وہ کبھی بھی رسول کی اطاعت اور ذخیرۂ احادیث تو کیا اہل ایمان کی مجموعی علمی واسلامی تاریخ کو بھی نظر انداز نہیں کرسکتا تفسیر، حدیث، فقہ، تزکیہ اور احسان (تصوف) یہ سب تمامتر قرآن ہی کا خلاصہ، شرح اور تفصیل ہیں۔ پھر سنّت یا حدیث رسول تو واقعی قرآن کی چلتی پھرتی تفسیر ہے۔ اس کا استخفاف اور اس سے لاپرواہی کوئی بے وقوف وغبی شخص ہی کرسکتا ہے اَعَاذَنَا اللّٰہ۔

اس لئے اس عاجز کا مشورہ یہ ہے کہ جو لوگ قرآن کی کسی آیت کا اگلا پچھلا لفظ .. کھینچ تان کر کسی نئے فلسفے کے موجد بنے ہیں یا ان کی تصنیفات سے لوگوں نے فہم قرآن حاصل کیا ہے، ان سے گذارش کروں گا کہ قرآن کی عربی زبان سے قرآن کو سمجھنے کی کوشش کریں انہیں چند ہی دن میں پتہ چل جائے گا کہ انھیں ان کے نفس نے یا دوسروں نے کسی آیت میں اور کس لفظ میں کہاں کہاں دھوکہ اور مغالطہ دیا تھا۔

اسی طرح جو علماء حق حدیث وسنّت کی مدافعت میں کوشاں ہیں، انہیں ان کی مساعی پر مبارک باد دیتے ہوئے بڑے ادب سے یہ گذارش کروں گا کہ قرآن کو عوامی ہونے میں آپ حسب سابق اپنا تعاون جاری رکھیں اور عوام الناس میں علم قرآن کو کھل جانے دیں، کیونکہ ہر علم کے جاننے والے جب لاکھوں، کروڑوں کی تعداد میں ہوجاتے ہیں تب

اس علم میں دھوکہ بازی کسی کی بھی نہیں چل سکتی۔ مغالطہ یا غلط تاویلات اور من مانی وہیں چل پاتی ہے جہاں کسی کتاب کے جاننے والے دس یا پانچ ہوں اور بقیہ جہل میں مبتلا ہوں۔ اسے ایک سادہ مثال کے ذریعہ یوں سمجھا جا سکتا ہے کہ جب دنیا میں پہلی بار موٹر کار تیار ہوئی تو بتایا جاتا ہے کہ موٹر بیچنے والی کمپنی خریدار کو ایک ایسا آدمی بھی ساتھ کر دیتی تھی جو موٹر کے تمام پرزوں کے بارے میں جانکاری رکھتا تھا اور موٹر چلانا بھی جانتا تھا مگر کبھی کبھی ایسے آدمیوں نے موٹر مالک کی لاعلمی کے سبب پانی کی ٹنکی میں تیل کی ضرورت بتا کر خوب رقم وصول کر لی۔ لیکن آج تو کسی بھی شہر میں سینکڑوں مستری، ڈرائیور اور بہت سے خود موٹر کار کے مالک بھی اس فن سے واقف ہیں۔ اور اب کوئی کسی کو دھوکہ دے کر موٹر میں پانی کی ٹنکی میں تیل ڈالنے کا مشورہ ہرگز نہ دے گا۔ لیکن یہ سب اس وقت ہوتا ہے جب کوئی علم عام ہو جائے۔ پس میری یہ گذارش ہے کہ قرآن کی تلاوت میں ہر جگہ متن کے ساتھ معنیٰ بھی بتائے جائیں تاکہ یہ کتاب عوام الناس میں علم و عمل کے لحاظ سے پھیل جائے۔

قرآن سیکھنے سکھانے والوں سے درخواست ہے کہ اردو زبان میں سب سے بہتر اور مستند اور متفق علیہ ترجمہ شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کے صاحبزادے حضرت شاہ عبدالقادر محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کا ہے اور موصوف کی مختصر تفسیر موضح القرآن جو عام طور پر مترجم قرآن مجید کے حاشیوں پر پائی جاتی ہے نیز انہیں کے برادر مولانا شاہ رفیع الدین دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کا لفظی ترجمہ۔ اگر آپ انہیں بنیاد بنا کر چلیں گے تو فہم قرآن میں انشاء اللہ کبھی بھی دھوکہ نہ ہوگا۔ اس لغات القرآن میں بھی اس کی حد بندی کا خوب خیال رکھا گیا ہے۔

انگریزی ایڈیشن میں پکتھال صاحب اور علامہ عبداللہ یوسف علی صاحب کے ترجمے سامنے رکھے گئے۔ اور جناب عبدالرشید خاں صاحب اور جناب آدم عیسیٰ صاحب ALIG B.COM نے کافی محنت سے یہ کام کیا ہے۔ عاجز نے بھی مفہوم کے لحاظ سے

خوب اچھی دیکھ بھال کی ہے۔ اللہ نے چاہا تو انگریزی داں طبقہ بھی فیض یاب ہوگا۔

۱۹۵۲ء میں پہلا ایڈیشن نقش اول سے چلا تھا۔ اب ۱۹۷۶ء کا نقش ثانی لکھا گیا پچیس ۲۵ سال دیکھتے دیکھتے گزر گئے۔ پتہ نہیں نقش ثالث لکھنے کی کسی اور ایڈیشن ہیں نوبت آئے گی یا نہیں یا پھر حشر کے دن ہم آپس میں ملیں گے، جب تَرٰی کُلَّ اُمَّۃٍ جَاثِیَۃً اور کُلُّ اُمَّۃٍ تُدْعٰی اِلٰی کِتَابِھَا کا منظر سامنے ہوگا۔ تب معلوم ہوگا کہ احقر کی خدمت، محنت کہاں تک ٹھکانے لگی اور کتنے انسان اس کتاب کے ذریعہ قرآن مجید کو پاکر علم و عمل کے لحاظ سے اس یَوْمُ الدِّیْن کے موقع پر کامیاب ہوکر دنیا میں آنے کا اپنا مقصد حاصل کر چکے تھے۔

قرآن مجید عقیدۂ آخرت اس کے لوازمات آئندہ پیش آنے والے واقعات اور انسان کو کن کن منزلوں سے گزر کر کہاں تک سفر کرتے کرتے کس مقام پر پہنچنا ہے۔ اس کی تفصیل سے بھرا پڑا ہے اور یہی اس کے نزول کا مقصد ہے کہ انسان مرنے سے پہلے اس راہ ہدایت کو اختیار کرے جو قرآن اس کے سامنے رکھتا ہے

اِنَّ ھٰذَا الْقُرْآنَ یَھْدِیْ لِلَّتِیْ ھِیَ اَقْوَمُ

خادم

عبدالکریم پاریکھ

ناگپور - ۸

۱۵ ربیع الثانی ۱۳۹۶ھ

۱۶ اپریل ۱۹۷۶ء

بروز جمعہ بوقت شب (۸ ½)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

گذارش ناشر

الحمدللہ کہ ان دنوں ہم لوگوں میں قرآن فہمی کا ذوق بڑھتا جارہا ہے۔ ترجمے کے ذریعہ قرآن کو سمجھنے کی پہل ولی اللہ دہلویؒ نے کی ہے۔ ان کے بعد شاہ عبدالقادر صاحبؒ و حضرت شاہ رفیع الدین صاحبؒ نے اردو زبان میں ترجمہ فرماکر ہمارے لئے اللہ کی رحمت کے دروازے کھولدئے۔

"لغات القرآن" شروع کرنے سے پیشتر یہ جان لینا ضروری ہے کہ یہ لغات صرف نظریاتی کتاب نہیں ہے، بلکہ یہ ایک عملی کتاب ہے۔ اس کے مطالعہ کے ساتھ ہی ساتھ ترجمے والا قرآن شریف پڑھتے جائیے، انشاءاللہ چند ماہ کے قلیل عرصے میں آپ خود بخود ترجمہ کرنے لگ جائیں گے۔ اور سچ تو یہ ہے کہ اسی وقت آپ کو اس چھوٹی سی کتاب کی اہمیت واضح ہوگی۔ اگر لغات کے لفظ و معانی حفظ کر لئے جائیں اور تلاوت شروع کردی جائے تو یوں محسوس ہوتا ہے، گویا ہمارے سینوں کی تاریکی اور تنگی کو اللہ نے دور کردیا ہے۔ اور اپنے نور سے منوّر کردیا ہے۔

اللہ تعالیٰ کا شکر واحسان ہے کہ اس نے ہمیں قرآن شریف کو سمجھنے کا ذوق

عطا فرمایا ہے۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مرتّب لغات کی محنت کو قبول فرمائے۔ اور ذخیرۂ آخرت بنائے۔

اَللّٰھُمَّ اٰنِسْ وَحْشَتِیْ فِیْ قَبْرِیْ۔ اَللّٰھُمَّ ارْحَمْنِیْ بِالْقُرْاٰنِ الْعَظِیْمِ وَاجْعَلْہُ لِیْ اِمَامًا وَّنُوْرًا وَّھُدًی وَّرَحْمَۃً۔ اَللّٰھُمَّ ذَکِّرْنِیْ مِنْہُ مَانَسِیْتُ وَعَلِّمْنِیْ مِنْہُ مَاجَھِلْتُ وَارْزُقْنِیْ تِلَاوَتَہٗ اٰنَاءَ اللَّیْلِ وَالنَّھَارِ وَاجْعَلْہُ لِیْ حُجَّۃً یَّا رَبَّ الْعَالَمِیْنَ (اٰمین)

ناشر

محمد عبدالرشید خاں۔ کامٹی

انتساب

سرورِ عالم خاتم النبیین

محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے نام

جن کے ذریعہ عالم انسانیت کو ہدایت

عنایت فرمائی گئی۔

سبق (۱)

مبتدا اور خبر

اللہ خالق ہے　　　محمدؐ نبی ہیں　　　طارق مجاہد ہے

اِس طرح کے الفاظ کو عربی میں مبتدا اور خبر کہا جاتا ہے، ان الفاظ کی عربی بنانا ہو تو ہر لفظ کو دو دو پیش دیدیجئے۔

اَللّٰہُ خَالِقٌ　　　مُحَمَّدٌ نَبِیٌّ　　　طَارِقٌ مُجَاهِدٌ

کتنی آسان بات ہے اور ہاں اس سبق کے آخر میں جو الفاظ اور اس کے معنیٰ دیئے گئے ہیں انھیں اچھی طرح یاد کر لیجئے، پھر ان جملوں کا جو ذیل میں درج ہیں ترجمہ کیجئے۔

عَبْدٌ صَالِحٌ　　　اِبْنٌ صَغِيْرٌ　　　جُنْدٌ كَبِيْرٌ

رَجُلٌ ذَكِيٌّ　　　حَامِدٌ عَالِمٌ　　　خَالِدٌ قَوِيٌّ

اردو سے عربی میں ترجمہ کیجئے:-

راستہ سیدھا ہے　　　ماموں نیک ہے　　　گھر بڑا ہے

دوست نیک ہے　　　بیٹا سچا ہے　　　بھائی عبادت گذار ہے

خالد بیٹا ہے　　　حامد چچا ہے

یہ تمام الفاظ مذکر تھے۔ اب مؤنث کی علامتیں ذہن نشین کر لیجئے، آسان بات یہ ہے کہ جس طرح ہم اردو میں آدمی کے لئے جمیل اور عورت کے لئے جمیلہ استعمال کرتے ہیں اسی طرح

عربی میں بھی کوئی مؤنث ہو تو اس کی علامت " ۃ " لگائی جاتی ہے۔

جیسے :-

رَاشِدٌ	رَاشِدَۃٌ	صَالِحٌ	صَالِحَۃٌ
خَالِدٌ	خَالِدَۃٌ	عَابِدٌ	عَابِدَۃٌ

مشق کیجئے

اِبْنٌ جَمِیْلٌ	بِنْتٌ جَمِیْلَۃٌ	اَبٌ صَالِحٌ	اُمٌّ صَالِحَۃٌ
اَخٌ ذَکِیٌّ	اُخْتٌ ذَکِیَّۃٌ	خَالٌ ذَکِیٌّ	خَالَۃٌ ذَکِیَّۃٌ

اس سبق کی ایک خاص بات یاد رکھئے وہ یہ کہ کسی لفظ میں خصوصیت[1] پیدا کرنے کے لئے " ال " استعمال کیا جاتا ہے ٹھیک اسی طرح جس طرح انگریزی میں " THE " کا استعمال ہوتا ہے اور کسی لفظ میں " ال " کے لگا دینے سے دو پیش کی جگہ ایک پیش باقی رہے گا

مثال کے طور پر ان الفاظ پر غور کیجئے بات سمجھ میں آجائیگی

حَمْدٌ	اَلْحَمْدُ	اِنْسَانٌ	اَلْاِنْسَانُ
رَسُوْلٌ		اَلرَّسُوْلُ	

---

[1] بعض اوقات عمومیت بھی مراد ہوتی ہے مثلاً اِنْسَانٌ اَلْاِنْسَانُ

مشق

اَبٌ صَالِحٌ   اَلْاَبُ صَالِحٌ   رَجُلٌ قَوِیٌّ   اَلرَّجُلُ قَوِیٌّ

اُوپر کے جملوں میں دکھایا گیا ہے کہ "ال" کے لگنے سے دو پیش کی جگہ ایک پیش باقی رہتا ہے۔

ترجمہ کیجئے:۔

بَیْتٌ رَفِیْعٌ   اَلْبَیْتُ رَفِیْعٌ   اَلْاِسْلَامُ دِیْنٌ   رَسُوْلٌ صَادِقٌ

اَلرَّسُوْلُ صَادِقٌ   نُوْحٌ نَبِیٌّ   قُرْاٰنٌ مَجِیْدٌ

نوٹ:۔

(۱) مبتدا اور خبر ہر ایک پر "ہے" کے معنی[۱] پیدا کرنے کے لئے دو[۲] دو[۲] پیش لگائے جائیں گے۔

(۲) "اَلْ" کے استعمال پر دو کی جگہ صرف ایک پیش باقی رہے گا۔

(۳) مؤنث کی علامت "ۃ" ہے

(۴) پہلا لفظ یعنی مبتدا اگر مؤنث ہے تو اس کی خبر بھی مؤنث ہوگی مثال کے طور پر

باپ نیک ہے   ماں نیک ہے

اَبٌ صَالِحٌ   اُمٌّ صَالِحَۃٌ

سبق نمبر (۱) کے الفاظ کے معنیٰ

خَالِقٌ	پیدا کرنے والا	صَادِقٌ	سچّا
عَبْدٌ	بندہ	اَخٌ	بھائی
صَالِحٌ	نیک	عَابِدٌ	عبادت کرنیوالا
اِبْنٌ	بیٹا	عَمٌّ	چچا
صَغِيْرٌ	چھوٹا	عَمَّةٌ	پھوپھی
صَغِيْرَةٌ	چھوٹی	جَمِيْلٌ	خوبصورت
كَبِيْرٌ	بڑا	جَمِيْلَةٌ	خوبصورت (مؤنث کیلئے)
كَبِيْرَةٌ	بڑی	بِنْتٌ	بیٹی
جُنْدٌ	لشکر	اَبٌ	باپ
رَجُلٌ	آدمی	اُمٌّ	ماں
ذَكِيٌّ	ذہین	اُخْتٌ	بہن
قَوِيٌّ	قوی، طاقت والا	حَمْدٌ	تعریف
صِرَاطٌ	راستہ	رَفِيْعٌ	اونچا
مُسْتَقِيْمٌ	سیدھا	دِيْنٌ	بدلہ، انصاف، قانون
خَالٌ	ماموں	مَجِيْدٌ	بزرگی والا
خَالَةٌ	خالہ	عَابِدَةٌ	عبادت کرنیوالی
بَيْتٌ	گھر	اِبْنٌ	بیٹا
صَدِيْقٌ	دوست	نَبِيٌّ	خبر دینے والا

سبق نمبر (۲)

مضاف اور مضاف الیہ

قرآن کا حکم	ہود کی قوم	رسول کی دعوت

اس طرح کے الفاظ کی عربی بناتے وقت ترتیب کو اُلٹ دیجئے اور پھر پہلے لفظ کے آخری حرف کو ایک پیش اور دوسرے لفظ کے آخر میں دو زیر لگا دیجئے "کا" اور "کی" کے معنیٰ پیدا ہو جائیں گے۔

حُكْمُ قُرْاٰنٍ	قَوْمُ هُوْدٍ	دَعْوَةُ رَسُوْلٍ
قرآن کا حکم	ہود کی قوم	رسول کی دعوت
عِبَادُ اللّٰهِ	بَيْتُ اللّٰهِ	خَلْقُ اللّٰهِ
اللہ کے بندے	اللہ کا گھر	اللہ کی مخلوق

اب اسی قاعدے کے تحت الفاظ بنانے کے لئے پہلے اس سبق کے آخر میں درج شدہ الفاظ معنیٰ کے ساتھ یاد کر لیجیے، پھر ترجمہ کی مشق کیجئے، دورانِ مطالعہ جہاں "ال" کا استعمال ہوگا، پہلے سبق کی طرح یہاں بھی "ال" کے آنے سے دو زیر کی جگہ ایک زیر کا خیال رکھئے۔

ترجمہ کیجئے:-

كِتَابُ اللّٰهِ	كَلَامُ اللّٰهِ	سُنَّةُ الرَّسُوْلِ
رَبُّ الْاِنْسَانِ	ذِكْرُ الرَّحْمٰنِ	فَضْلُ اللّٰهِ
يَوْمُ الدِّيْنِ	اِقَامَةُ الصَّلٰوةِ	رَحْمَةُ اللّٰهِ

اِطَاعَةُ الْوَالِدَيْنِ

اُردو الفاظ کی عربی بنائیے :۔

اللہ کی زمین — لوگوں کی سرکشی — آخرت کا گھر
گنہ گار کا کھانا — حامد کا گھر

نوٹ :۔

۱ مضاف کو انگریزی میں — اور مضاف الیہ کو — کہتے ہیں

۲ کا ۔ کے ۔ کی کے معنیٰ پیدا کرنے کے لئے پہلے لفظ کے آخری حرف پر ایک پیش اور دوسرے حرف کے آخر میں دو زیر لگائے جاتے ہیں ۔

۳ ’’ال‘‘ کے استعمال سے مضاف الیہ کے نیچے صرف ایک زیر باقی رہے گا ۔

الفاظ کے معنیٰ

حَاكِمٌ	بادشاہ ۔ منصف	طُغْيَانٌ	سرکشی
إِذْنٌ	حکم	آخِرَةٌ	آخرت
مَاءٌ	پانی	دَارٌ	گھر
بَحْرٌ	سمندر	أَثِيمٌ	گناہ گار
لَبَنٌ	دودھ	طَعَامٌ	کھانا
بَقَرٌ	گائے	خَيْلٌ	گھوڑا
رَيْبٌ	شک	وَالِدَيْنِ	ماں باپ
إِقَامَةٌ	قائم کرنا	سُنَّةٌ	عادت ، طریقہ
إِطَاعَةٌ	اطاعت کرنا ۔ کہا ماننا	يَوْمٌ	دن
أَرْضٌ	زمین		

نوٹ :۔

مرتب کے نظریۂ تعلیم قرآن کے تحت پہلے الفاظ کا بھرپور ذخیرہ ہو ساتھ ہیں مختصر گرامر کی معلومات بھی ہوتی رہے اور ایک بچے کی طرح پہلے الفاظ کے معنی ذہن نشین ہوتے رہیں پھر قواعد وضوابط کی طرف ابتدائی دور میں ضروری ہو اُسی قدر توجہ دی جائے اِس مقصد کے تحت اِن اسباق میں عربی زبان سے ابتدائی مناسبت پیدا کرنے کے لئے بعض الفاظ کو جوڑنے میں ایک حد تک کچھ گرامر کے نکات کو نظر انداز کر کے سادگی برتی گئی ہے تاکہ طالب علم کو پہلی ہی منزل پر الجھن محسوس نہ ہو ہاں جو حضرات مزید تحقیق کے مشتاق ہوں تو وہ گرامر کی دوسری مفصّل کتابیں بعد میں دیکھ لیں یہاں تو آپ کو کسی بھی طرح عربی اور وہ بھی قرآن پاک کی عربی سے روشناس کرانے کے لئے ایک سادہ طریقہ اختیار کیا گیا ہے

ناشر

سبق (۳)

ماضی

فَعَلَ	اُس ایک مرد نے کیا	فَعَلَتْ	اُس ایک عورت نے کیا
فَعَلَا	اُن دو مردوں نے کیا	فَعَلَتَا	اُن دو عورتوں نے کیا
فَعَلُوْا	اُن سب مردوں نے کیا	فَعَلْنَ	اُن سب عورتوں نے کیا
فَعَلْتَ	تو ایک مرد نے کیا	فَعَلْتِ	تو ایک عورت نے کیا
فَعَلْتُمَا	تم دو مردوں یا تم دو عورتوں نے کیا	فَعَلْتُمَا	تم دو عورتوں نے کیا
فَعَلْتُمْ	تم سب مردوں نے کیا	فَعَلْتُنَّ	تم سب عورتوں نے کیا

فَعَلْتُ — میں نے کیا

فَعَلْنَا — ہم نے کیا

ان تمام صیغوں کو خوب اچھی طرح یاد کریں، لفظ "فعل" یعنی کرنا، پر تمام صیغوں کی ڈھلائی بتائی گئی ہے۔ اب کسی لفظ کو فعل ماضی بنانا ہو تو اس کے لفظی معنیٰ فعل کی جگہ پر لائے جائیں گے اِس کی مثال وزن کے خانوں میں بتائی گئی ہے۔

وزن	افعال				
فَعَلَ اُس ایک مرد نے کیا	کَتَبَ اُس ایک مرد نے لکھا	قَرَأَ اُس ایک مرد نے پڑھا	نَصَرَ اُس ایک مرد نے مدد کی	ضَرَبَ اُس ایک مرد نے مارا	طَلَبَ اُس ایک مرد نے مانگا
فَعَلَا اُن دونوں نے کیا	کَتَبَا	ضَرَبَا	طَلَبَا	ذَهَبَا	فَتَحَا
فَعَلُوا اُن سب نے کیا	کَتَبُوا	طَلَبُوا	ذَهَبُوا	فَتَحُوا	ضَرَبُوا
فَعَلْتَ تو نے کیا	طَلَبْتَ	نَصَرْتَ	ذَهَبْتَ	فَتَحْتَ	طَلَبْتَ
فَعَلْتُمَا تم دو مردوں نے کیا یا تم دو عورتوں نے کیا	نَصَرْتُمَا	ذَهَبْتُمَا	فَتَحْتُمَا	طَلَبْتُمَا	کَتَبْتُمَا
فَعَلْتُمْ تم سب نے کیا	ذَهَبْتُمْ	نَصَرْتُمْ	فَتَحْتُمْ	طَلَبْتُمْ	کَتَبْتُمْ

حسب ذیل الفاظ کا ترجمہ کیجئے

وزن				
فَعَلْتُ	دَخَلْتُ	نَصَرْتُ	شَرِبْتُ	وَجَدْتُ
فَعَلْتُمْ	نَصَرْتُمْ	كَفَرْتُمْ	وَصَلْتُمْ	ذَهَبْتُمْ
فَعَلْتُ	كَفَرْتُ	شَرِبْتُ	دَخَلْتُ	نَصَرْتُ

یہ تو آپ کو معلوم ہے کہ "فَعَلَ" کے معنیٰ ہیں اُس نے کیا اب اگر اس لفظ کو فُعِلَ

پڑھیں گے تو مطلب ہو گا " وہ کیا گیا "، اسے فعل مجہول کہا جاتا ہے۔

فعل ماضی معروف		فعل ماضی مجہول	
خَلَقْتُمْ	تم نے پیدا کیا	خُلِقْتُمْ	تم پیدا کیے گئے
قَتَلَ	اُس ایک مرد نے قتل کیا	قُتِلَ	وہ ایک مرد قتل کیا گیا
جَعَلْتُ	میں نے بنایا	جُعِلْتُ	میں بنایا گیا

مزید مشق کیجئے ۔ سہولت کے لئے ترجمہ دیا گیا ہے

طَلَبُوْا	انھوں نے طلب کیا	طُلِبُوْا	وہ طلب کئے گئے
بَعَثَ	اُس نے بھیجا	بُعِثَ	وہ بھیجا گیا
بَعَثْتُ	میں نے بھیجا	بُعِثْتُ	میں بھیجا گیا
رَزَقْنَا	ہم نے رزق دیا	رُزِقْنَا	ہم رزق دئے گئے
رَزَقُوْا	انھوں نے رزق دیا	رُزِقُوْا	وہ رزق دئے گئے

زیر زبر کی ترتیب کو ہمیشہ دھیان میں رکھیں، محض ذرا سی زیر زبر کی تبدیلی میں ایک لفظ کے معروف کے بجائے مجہول کے معنیٰ پیدا ہونے کا امکان ہے۔

نوٹ

۱ ۔ ماضی گذرے ہوئے زمانے کو کہتے ہیں یعنی جو کام کسی نے کر دیا ہو۔

۲ ۔ ماضی مجہول گذرے ہوئے زمانے میں کوئی فعل جس کی نسبت مفعول کی طرف ہو اور اس کے ساتھ فاعل کا ذکر نہ ہو۔

الفاظ کے معنیٰ سبق (۳)

فَعَلَ	فِعْلٌ کرنا	فَتَحَ	کھولنا
کَتَبَ	لکھنا	دَخَلَ	داخل ہونا
قَرَأَ	پڑھنا	شَرِبَ	پینا
نَصَرَ	مدد دینا	وَجَدَ	پانا
ضَرَبَ	مارنا۔ بیان کرنا (ف)	کَفَرَ	انکار کرنا
طَلَبَ	مانگنا	وَصَلَ	ملنا
ذَهَبَ	جانا	خَلَقَ	پیدا کرنا
قَتَلَ	قتل کرنا	بَعَثَ	بھیجنا
جَعَلَ	بنانا	رَزَقَ	رزق دینا

ف

آپ کو یہ دیکھ کر تعجب ہوگا کہ ضَرَبَ کے معنیٰ مارنا بھی ہے اور بیان کرنا بھی بظاہر یہ بات متضاد معلوم ہوتی ہے لیکن خود ہماری زبان میں بھی اس طرح کے ایک لفظ کے دو معنیٰ ہوتے ہیں مثال کے طور پر ہم کہتے ہیں جائیے تو اس کا مطلب ہوا چلے جاؤ لیکن اگر آپ کسی کو یہ کہیں کہ اندر آجائیے، بیٹھ جائیے، سو جائیے تو اب جائیے کے معنیٰ چلے جائیے نہیں ہو سکتے۔

قرآن پاک میں ضَرَبَ کے معنیٰ مارنا آیت نمبر ۶۰ سورہ بقرہ "فَقُلْنَا اضْرِبْ بِّعَصَاكَ الْحَجَرَ (پس ہم نے کہا مار اپنا عصا پتھر پر) اور آیت نمبر ۱۳ سورۂ یٰسین میں وَاضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلًا أَصْحَابَ الْقَرْيَةِ (اور بیان کر ان کے لئے مثال بستی والوں کی) دونوں آیات میں "ضَرَبَ" کا لفظ بیان ہوا ہے لیکن عبارت خود بتا رہی ہے کہ ایک جگہ مارنا اور دوسری جگہ بیان کرنے کے معنیٰ میں یہ لفظ استعمال ہوا ہے۔

سبق (۴)

فعل فاعل مفعول

عربی میں پہلے فعل پھر فاعل اور بعد میں مفعول آتا ہے، فاعل کو دو پیش اور مفعول کو دو زبر لگائے جاتے ہیں۔

حمید نے قرآن پڑھا

اس جملے میں پڑھنا فعل ہے، حمید فاعل ہے، اس لئے کہ اس نے قرآن پڑھنے کا فعل کیا ہے۔ قرآن مفعول ہے، اس لئے کہ اسے پڑھا گیا ہے۔ یہ جملہ اسطرح ہوگا

فعل	فاعل	مفعول
قَرَأَ	حَمِيْدٌ	قُرْآنًا

كَتَبَ	اِقْبَالٌ	كِتَابًا

ترجمہ کیجئے:۔

خَلَقَ اللّٰهُ النَّاسَ — خَدَعَ الشَّيْطَانُ الْاِنْسَانَ

جَعَلَ اللّٰهُ مُحَمَّدًا رَسُوْلًا — شَرِبَ طَارِقٌ مَاءً

اَنْزَلَ اللّٰهُ كِتَابًا — فَرَقْنَا الْبَحْرَ — جَمَعَ مَالًا

نوٹ:۔

"ال" کے بعد ایک پیش کم ہوتا ہے یہ قاعدہ اس سبق میں بھی یاد رکھیے۔ جیسے آپ دیکھ رہے ہیں کہ رَسُوْلًا پر دو زبر ہیں تو اَلْبَحْرَ پہ ایک زبر ہے۔ طَارِقٌ پر دو پیش ہیں تو اَلشَّيْطَانُ پر ایک پیش، یہ وجہ ہے "ال" کے لگنے کی۔

الفاظ کے معنی سبق نمبر (۴)

قَرَأَ	پڑھنا	بَحْرٌ	سمندر
كَتَبَ	لکھنا	مَاءٌ	پانی
خَدَعَ	دھوکہ دینا	خَلَقَ	پیدا کرنا
جَعَلَ	بنانا	جَمَعَ	جمع کرنا
فَرَقَ	پھاڑنا	مَالٌ	مال، اسباب
أَنْزَلَ	اتارنا		

سبق (۵)

حروف جر

حروف جر		طریقہ استعمال	
فِي	میں، بیچ	فِي بَيْتٍ	گھر میں
مِنْ	سے	قَرَأْنَا مِنَ الْقُرْآنِ	پڑھا ہم نے قرآن میں سے
عَلٰى	اوپر	عَلٰى جَبَلٍ	پہاڑ کے اوپر
كَ	مثل، مانند	كَرَجُلٍ	مرد کے جیسا، مانند
عَنْ	متعلق	سَمِعْتُ عَنِ الصَّلٰوةِ فِي الْمَسْجِدِ	سنا میں نے مسجد میں نماز کے متعلق
بِ	ساتھ	دَخَلْتُ بِسَلَامٍ	داخل ہوا میں سلام کے ساتھ
لِ	لئے	لِلنَّاسِ	لئے لوگوں کے
اِلٰى	طرف	اِلٰى بَلَدٍ	شہر کی طرف

حَتّٰی	یہاںتک کہ	حَتّٰی إِذَا بَلَغَ	یہاں تک کہ پہنچا وہ
وَ	قسم	وَاللّٰہِ	قسم اللہ کی

۱)۔ان حروف کا استعمال صلہ کے طور پر ہوتا ہے۔
۲)۔اور یہ حروف جب کسی لفظ کے پہلے آتے ہیں تو اس کے آخری حرف کو زیر لگا دیتے ہیں۔
۳)۔اوپر کے خانے میں دیکھئے تمام الفاظ کے آخری حروف کے نیچے زیر لگا ہوا ہے۔
۴)۔جہاں "ال" کا استعمال ہوتا ہے وہاں ایک زیر اور باقی مقامات پر دو زیر۔

ترجمہ کیجئے:۔

مِنَ الْكُفْرِ إِلَى الْإِسْلَامِ ، مِنَ الْبَيْتِ إِلَى الْمَسْجِدِ
اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ، بِالْوَالِدَيْنِ إِحْسَانًا ، كَتَبْتُ بِالْقَلَمِ ، مَتَاعٌ إِلَى حِيْنٍ
عَلٰى أَبْصَارِهِمْ غِشَاوَةٌ ، اٰمَنَّا بِاللّٰهِ ، نَزَّلْنَا عَلٰى عَبْدِنَا ، هٰذَا بَيَانٌ لِلنَّاسِ

عربی بنائیے:۔

۱۔ قرآن میں ہدایت ہے لوگوں کے لئے ۲۔ میں نے آدمی کو دیکھا مسجد پر
۳۔علم کا طلب کرنا فرض ہے اوپر تمام مسلم مرد اور مسلم عورت کے۔

الفاظ کے معنی اسبق نمبر (۵)

حَمْدٌ	تعریف	أَبْصَارٌ	آنکھیں
وَالِدَيْنِ	ماں باپ	غِشَاوَةٌ	پردہ
إِحْسَانًا	اچھا سلوک	بَيَانٌ	بیان

مَتَاعٌ	فائدہ	النَّاسُ	لوگ
حِيْنٌ	وقت	هُمْ	ان کا، ان کو
هُدًى	ہدایت	فَرِيْضَةٌ	فرض
رَاٰى	دیکھنا	مُسْلِمٌ	مسلم مرد
رَجُلٌ	آدمی	مُسْلِمَةٌ	مسلم عورت
طَلَبَ	طلب کرنا	كُلٌّ	تمام، کل
	اٰمَنَ	ایمان لانا	

اس سبق میں آپ پڑھ چکے ہیں کہ مسلمان مرد کے لئے مُسْلِمٌ اور مسلمان عورت کے لئے مُسْلِمَةٌ استعمال کیا گیا ہے عربی زبان میں واحد، تثنیہ اور جمع کی ایک خاص ترتیب بھی ہے جس کو سمجھنا ضروری ہے اسے درج کیا جا رہا ہے اس پر قیاس کر کے دوسرے الفاظ بنا کر دیکھئے۔

	واحد	تثنیہ	جمع
پیش کی صورت	مُسْلِمٌ ایک مسلم	مُسْلِمَانِ دو مسلم	مُسْلِمُوْنَ سب مسلم
زبر کی صورت	مُسْلِمًا	مُسْلِمَيْنِ	مُسْلِمِيْنَ
زیر کی صورت	مُسْلِمٍ	مُسْلِمَيْنِ	مُسْلِمِيْنَ

یوں خانوں میں دیکھنے پر الفاظ کا کوئی خاص فرق محسوس نہیں ہوتا لیکن یہ بات آپ کو معلوم ہوگی کہ فاعل اور مفعول کی حالت میں الفاظ پر پیش و زبر لگائے جاتے ہیں۔ فاعلی حالت زَيْدٌ مفعولی حالت زَيْدًا

اس طرح حرف جر بھی کسی لفظ کے پہلے آکر آخری حرف کو زیر دیدیتا ہے، مثال کے طور پر عَلٰى مُسْلِمٍ

سبق (۶)

ضمیریں

ضمیریں		طریقۂ استعمال	
هُ	اس ایک مرد کا، کو	كِتَابُهُ	اُس کی کتاب
هُمَا	اُن دو مردوں کا یا اُن دو عورتوں کا	بَيْتُهُمَا	ان دونوں کا گھر
هُمْ	اُن سب مردوں کا	إِيمَانُهُمْ	ان کا ایمان
هَا	اس ایک عورت کا	أُمُّهَا	اس ایک عورت کی ماں
هُنَّ	اُن سب عورتوں کا	بَيْتُهُنَّ	اُن سب عورتوں کا گھر
كَ	تیرا۔ تجھکو (مرد)	كِتَابُكَ	تیری کتاب
كُمَا	تم دو مردوں کا یا تم دو عورتوں کا	بَيْتُكُمَا	تم دونوں کا گھر
كُمْ	تم سب مردوں کا	رَسُولُكُمْ	تمہارا رسول
كِ	تو ایک عورت کا	بَيْتُكِ	تو ایک عورت کا گھر
كُنَّ	تم سب عورتوں کا	بَيْتُكُنَّ	تم سب عورتوں کا گھر
ی	میرا	رَبِّي	میرا رب
نِي	مجھے	رَزَقَنِي	رزق دیا اس نے مجھے
نَا	ہمارا، ہمکو	كِتَابُنَا	ہماری کتاب

اس طرح جملے بنا کر مزید مشق کیجئے، چند جملوں کا ترجمہ مزید سہولت کے لئے دیا جاتا ہے۔ بعد میں درج شدہ الفاظ کا ترجمہ خود کیجئے۔

لِسَانُكُمْ	اِبْنِيْ	نَصَرْتُهٗ	مِنْكَ	إِلَيْنَا
تمہاری زبان	میرا بیٹا	مدد دی میں نے اسکو	تجھ سے	ہماری طرف
إِلَيْكُمْ	لَهٗ	اِلَيَّ	إِلَيْهِمْ	لَنَا
تمہاری طرف	اس کے لئے	میری طرف	ان کی طرف	ہمارے لئے ہمکو
	اِنَّكُمْ		اِنَّنَا	
	بے شک تم		بے شک ہم	

ترجمہ کیجئے:-

سَمْعُكُمْ، رَبُّكُمْ، دُكَّانُنَا، بَيْتُنَا، رَسُوْلُنَا، قَوْمُنَا، مِلَّتُكُمْ
اَصْحَابُنَا مِنْكَ مِنْكِ لَهُمَا اِمَامُكُمْ اَهْلِيْ
خَلَقَ لَكُمْ مَا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا۔ وَلَقَدْ نَصَرَكُمُ اللّٰهُ۔ لَهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ

الفاظ کے معنی اسبق نمبر (۶)

سَمِعَ	سننا	عِنْدَ	نزدیک پاس
مِلَّتٌ	دین، ملت	رَبٌّ	پالنے والا
لَقَدْ	البتہ۔ تحقیق	اَهْلٌ	گھر والے
اِنَّ	بے شک	اَصْحَابٌ	ساتھی۔ رفیق
دُكَّان	دکان	وَ	اور
جَمِيْعًا	سب	لَ	البتہ۔ کے۔ لئے
	اَجْرٌ	بدلہ، اجر	

سبق (۷)

فاعلی ضمیریں

هُوَ	وہ ایک مرد
هُمَا	وہ دو مرد یا دو عورتیں
هُمْ	وہ سب مرد
هِيَ	وہ ایک عورت
هُنَّ	وہ سب عورتیں
أَنْتَ	تو ایک مرد
أَنْتُمَا	تم دو مرد یا دو عورتیں
أَنْتُمْ	تم سب مرد
أَنْتِ	تو ایک عورت
أَنْتُنَّ	تم سب عورتیں
أَنَا	میں ایک مرد یا عورت
نَحْنُ	ہم سب

فاعلی ضمیروں کو اچھی طرح یاد کر لیجیے آئندہ استعمال کے مواقع آئیں گے۔

طریقۂ استعمال

هُوَ مُسْلِمٌ	أَنْتَ عَالِمٌ	أَنَا عَابِدٌ
وہ مسلم ہے	تو عالم ہے	میں بندہ ہوں

سبق (۸)

فعل مضارع

يَفْعَلُ	وہ ایک کرتا ہے یا کرے گا
يَفْعَلَانِ	وہ دو مرد کرتے ہیں یا کریں گے
يَفْعَلُوْنَ	وہ سب مرد کرتے ہیں یا کریں گے
تَفْعَلُ	تو ایک مرد یا وہ ایک عورت کرتی ہے یا کرے گی
تَفْعَلَانِ	تم دو مرد، تم دو عورتیں یا وہ دو عورتیں کرتی ہیں یا کریں گی
يَفْعَلْنَ	وہ سب عورتیں کرتی ہیں یا کریں گی
تَفْعَلُوْنَ	تم سب مرد کرتے ہو یا کرو گے
تَفْعَلِيْنَ	تو ایک عورت کرتی ہے یا کرے گی
تَفْعَلْنَ	تم سب عورتیں کرتی ہو یا کرو گی
اَفْعَلُ	میں کرتا ہوں میں کروں گا۔ کرتی ہوں یا کروں گی
نَفْعَلُ	ہم سب کرتے ہیں یا کریں گے

فعل مضارع کو اچھی طرح یاد کیجئے، ہر لفظ کو ذہن میں محفوظ کر لیجئے یہ جس قدر آپ کو اچھی طرح یاد ہوں گے اسی قدر آپ کی ہمت عربی سیکھنے میں بڑھے گی یہ تمام گردان " فَعَلَ " پر بتائی گئی ہے وسعت کے لئے مزید الفاظ فَعَلَ کی جگہ رکھ کر ترجمہ کیجئے ہر لفظ کا وزن بھی معلوم کیجئے کہ یہ کس وزن پر ہے۔ طوالت کے خوف سے صرف چند مثالیں دی جا رہی ہیں۔

مثالیں :-

یَفْعَلُ	یَشْرَبُ	یَفْتَحُ	یَجْمَعُ
وہ کرتا ہے	وہ پیتا ہے	وہ کھولتا ہے	وہ جمع کرتا ہے
اَفْعَلُ	اَفْتَحُ	اَشْرَبُ	اَجْمَعُ
میں کرتا ہوں	میں کھولتا ہوں	میں پیتا ہوں	میں جمع کرتا ہوں
یَفْعَلُوْنَ	یَجْعَلُوْنَ	یَسْمَعُوْنَ	یَکْرَہُوْنَ
وہ کرتے ہیں	وہ بناتے ہیں	وہ سنتے ہیں	وہ ناپسند کرتے ہیں

اوپر کی مثالوں کو سامنے رکھ کر حسب ذیل الفاظ کا ترجمہ کریں

یَشْکُرُوْنَ ، یَکْفُرُوْنَ ، یَتْلُوْنَ ، تَتْلُوْنَ ، یَعْلَمُوْنَ ، ھُوَ یَکْتُبُ کِتَابًا
یَقْرَءُوْنَ الْقُرْاٰنَ ، نَعْبُدُ ، اَعْبُدُ ، لَا نَسْمَعُ ، لَا اَکْفُرُ ، لَا یَعْلَمُوْنَ
اَعْلَمُ ، تَعْلَمُ ، یَعْمَہُوْنَ

سبق نمبر ۳ میں آپ کو بتایا جاچکا ہے کہ فَعَلَ کو فُعِلَ کرنے سے "کیا گیا" معنیٰ ہوتے ہیں، اسی طرح یَفْعَلُ کے معنیٰ وہ کرتا ہے ، لیکن اس لفظ کو یُفْعَلُ کر دیا جائے تو معنیٰ ہوں گے "وہ کیا جاتا ہے"

چند الفاظ پر غور کیجیے

یَقْتُلُ	وہ قتل کرتا ہے یا کرے گا	یُقْتَلُ	وہ قتل کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا
یَنْصُرُوْنَ	وہ مدد کرتے ہیں	یُنْصَرُوْنَ	وہ مدد کئے جاتے ہیں یا کئے جائینگے
تَسْأَلُ	تو سوال کرتا ہے	تُسْأَلُ	تو سوال کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا

ترجمہ کیجئے :۔

وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ، يَسْمَعُوْنَ كَلَامَ اللّٰهِ ، لَا نَعْبُدُ إِلَّا اللّٰهَ
يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ، يَكْتُبُوْنَ الْكِتَابَ بِأَيْدِيْهِمْ ثُمَّ يَقُوْلُوْنَ هٰذَا
مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ ، لَا أَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ ، لَا تُسْأَلُوْنَ ۔ يَقْطَعُوْنَ ، يَفْقَهُوْنَ
يَجْهَلُوْنَ ، تَحْذَرُوْنَ ، تَسْخَرُوْنَ

عربی بنائیے :۔

تم سمجھتے ہو۔
تم جانتے ہو
وہ نہیں کاٹتے ہیں
وہ نہیں ڈرتے ۔
وہ پوچھے جاتے ہیں ۔
وہ کھولا جاتا ہے ۔
وہ قتل کئے جاتے ہیں۔
وہ رزق دئے جاتے ہیں۔

الفاظ کے معنی سبق نمبر (۸)

سَمِعَ	سننا	شَكَرَ	شکر کرنا
عَمِهَ	بھٹکتے پھرنا	عَلِمَ	جاننا، علم رکھنا
سَأَلَ	پوچھنا	إِلَّا	مگر
نَصَرَ	مدد دینا	إِيمَان	ایمان لانا (ا۔م۔ن)
حَزِنَ	غمگین ہونا	مَا	جو کچھ
أَيْدِي	ہاتھ	لِمَا	کیوں۔ کس لئے
ثُمَّ	پھر	قَطَعَ	کاٹنا
قَوْلٌ	کہنا	حَذِرَ	ڈرنا
هٰذَا	یہ	فَقِهَ	سمجھنا
مِنْ	سے	جَهِلَ	جہالت، ناسمجھی
عِنْدَ	نزدیک، پاس	سَخِرَ	ہنسنا
كَرِهَ	ناپسند کرنا	تِلَاوَة	تلاوت کرنا (تلو)
جَمَعَ	جمع کرنا	لَا	نہیں

سبق (۹)

امر اور نہی

اِفْعَلْ	تو ایک مرد کر	لَاتَفْعَلْ	تو ایک مرد مت کر
اِفْعَلَا	تم دو مرد یا دو عورتیں کرو	لَاتَفْعَلَا	تم دو مرد یا دو عورتیں مت کرو
اِفْعَلُوْا	تم سب مرد کرو	لَاتَفْعَلُوْا	تم سب مرد مت کرو
اِفْعَلِیْ	تو ایک عورت کر	لَاتَفْعَلِیْ	تو ایک عورت نہ کر
اِفْعَلْنَ	تم سب عورتیں کرو	لَاتَفْعَلْنَ	تم سب عورتیں نہ کرو

اوپر دی ہوئی گردانیں کسی کام کے کرنے کے لئے کہنا یا کسی کام کو منع کرنے کے معنیٰ بتا رہی ہیں۔

طریقۂ استعمال

اِذْهَبْ	تو جا	لَاتَذْهَبْ	تو مت جا
اِعْمَلُوْا	تو عمل کر	لَاتَسْمَعُوْا	تم مت سنو
اِعْلَمُوْا	تم جانو	لَاتَحْزَنْ	تو مت غم کر
لَاتَفْعَلْ	تو مت کر	لَاتَجْعَلْ	تو مت بنا
اِفْعَلْ	تو کر	اِشْرَحْ	تو کھول
لَاتَفْعَلُوْا	تم مت کرو	لَاتَفَرَّقُوْا	تم مت تفرقہ کرو

ترجمہ کیجئے:۔

لَاتَقْرَبَا ، لَاتَسْأَلْنِیْ ، اِشْرَحْ لِیْ ، اِشْرَبُوْا ، وَاسْمَعُوْا
وَلِلْکٰفِرِیْنَ عَذَابٌ اَلِیْمٌ ، اِرْکَبُوْا ،

الفاظ کے معنی سبق نمبر (۹)

عمل	عمل کرنا ، کام کرنا
علم	جاننا
شرح	کھولنا ۔ کشادہ کرنا
فرق	تفرقہ ڈالنا
قرب	قریب ہونا
سئل	پوچھنا ۔ سوال کرنا
شرب	پینا
عذابٌ اَلِیْمٌ	دردناک عذاب
رکب	سوار ہونا

قرآن پاک میں ہر رکوع کے خاتمے پر نشان ع لگا ہوا ہوتا ہے اسکے معنیٰ ہیں یہاں پر ایک رکوع پورا ہو گیا۔

ع :۔ رکوع کے نشان پر اوپر کا نمبر سورۃ کے رکوع کا نمبر گِنا جائے گا۔

ع :۔ اور نیچے درج شدہ نمبر پارے کی ترتیب پر ہے جو پارے کا رکوع نمبر بتا رہا ہے۔

ع :۔ بیچ کا عدد دو نمبروں کے درمیان یعنی ایک رکوع میں کتنی آیات ہیں اس کا نشان ہے۔

اگر آپ سورۃ بقرہ کا ۳۸ واں رکوع دیکھنا چاہتے ہیں تو ع کا نمبر نکالیں یہاں اوپر ۳۸ کا ہندسہ بتا رہا ہے کہ یہ سورۃ بقرہ کا رکوع ۳۸ ہے، باقی نیچے کا نمبر ۶ پارہ تین کا چھٹا رکوع ہے۔ رہ گیا بیچ کا عدد ۸ تو یہ صرف ۳۷ اور ۳۸ کے درمیان کی عبارت کے اندر کتنی آیات ہیں اس کا پتہ دیتا ہے یعنی اس رکوع میں ۸ آیات ہیں۔

زیادہ تر سورتوں کے رکوع پر توجہ دیجائے تو مناسب ہوگا اس لئے کہ مطالعہ قرآن لئے سورتوں کا نمبر دیکھ کر اس میں رکوع تلاش کر لینا نہایت آسان ہے۔ روزانہ ایک رکوع کے الفاظ اچھی طرح یاد کر لیجئے پھر غیر مترجم قرآن پاک کی تلاوت کر کے دیکھ لیں کہ آپ اس رکوع کو سمجھ سکے یا نہیں ؟ کہیں اگر دقّت پیش آئے تو ترجمہ والا قرآن شریف دیکھ کر اطمینان کر لیں۔

⁂ ⁂ ⁂ ⁂

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

سُوْرَۃُ الْفَاتِحَۃِ

نمبر	لفظ	معنی
۱	عَوْذٌ	پناہ مانگنا
		(ع و ذ)
۲	أَعُوْذُ	میں پناہ مانگتا ہوں
۳	بِ	ساتھ
۴	مِنْ	سے
۵	رَجِیْمٌ	لعنت کیا گیا
		(ر ج م)
۶	اِسْمُ	نام
۷	اَلرَّحْمٰنُ	بڑا مہربان
۸	اَلرَّحِیْمُ	خوب رحم کرنیوالا
۹	اَلْحَمْدُ	ہر قسم کی تعریف (حمد)
۱۰	لِ	کیلئے
۱۱	رَبِّ الْعَالَمِیْنَ	پالنے والا تمام جہانوں کا
۱۲	مَالِکِ	مالک
۱۳	یَوْمِ	دن
۱۴	اَلدِّیْنَ	انصاف، قانون
۱۵	اِیَّاکَ	تیری ہی تجھکو صرف تجھے
۱۶	نَعْبُدُ	ہم عبادت کرتے ہیں
۱۷	نَسْتَعِیْنُ	ہم مدد چاہتے ہیں
		(ع و ن)
۱۸	اِسْتَعَان	مدد چاہنا
۱۹	اِھْدِ	ہدایت دے
		(ھ د ی)
۲۰	نَا	ہم کو (ہمارا)
۲۱	صِرَاطَ	راستہ
۲۲	مُسْتَقِیْمٌ	سیدھا، مضبوط
۲۳	اَلَّذِیْنَ	وہ لوگ
۲۴	اَنْعَمْتَ	انعام کیا تو نے
		(ن ع م)
۲۵	عَلَیْھِمْ	ان کے اوپر
۲۶	غَیْرُ	سوا
۲۷	مَغْضُوْبٌ	غضب کئے گئے
		(غ ض ب)
۲۸	لَا	نہیں
۲۹	اَلضَّآلِّیْنَ	گمراہ، بہکے ہوئے، بھٹکے
		(ض ل ل)

پارۂ اوّل

سُوْرَۃُ الْبَقَرَۃ (۲)

۳۰	ذَالِكَ	یہ۔ وہ
۳۱	لَارَیْبَ	نہیں شک
۳۲	فِیْہِ	اس میں، بیچ اس کے
۳۳	مُتَّقِیْنَ	پرہیزگار
۳۴	یُؤْمِنُوْنَ	ایمان لاتے ہیں (ا م ن)
۳۵	غَیْبُ	پوشیدہ، چھپی ہوئی
۳۶	وَ	اور
۳۷	یُقِیْمُوْنَ	قائم کرتے ہیں (اقامت)
۳۸	الصَّلٰوۃُ	نماز
۳۹	مِمَّا	مِنْ : سے مَا : جو کچھ۔ اس سے جو کچھ کہ مِنْ اور ما کا مرکب
۴۰	رَزَقْنَا	رزق دیا ہم نے
۴۱	نَا	ہم نے
۴۲	ھُمْ	وہ
۴۳	یُنْفِقُوْنَ	خرچ کرتے ہیں (ن ف ق)
۴۴	بِمَا	ساتھ، جو کچھ ب اور ما کا مرکب
۴۵	اُنْزِلَ	اتارا گیا، نازل کیا گیا (ن ز ل)
۴۶	اِلَیْكَ	طرف تیرے
۴۷	مَا	جو کچھ
۴۸	قَبْلِكَ	قبل تیرے، پہلے تجھ سے
۴۹	اٰخِرَۃُ	آخرت
۵۰	یُوْقِنُوْنَ	یقین رکھتے ہیں (ی ق ن)
۵۱	اُوْلٰئِكَ	یہ لوگ، یہی لوگ ذَالِكَ کی جمع ہے
۵۲	عَلٰی	اوپر
۵۳	ھُدٰی	ہدایت
۵۴	مُفْلِحُوْنَ	فلاح پانیوالے، کامیاب ہونیوالے

نمبر شمار	عربی	اردو
۵۵	إِنَّ	بے شک، یقیناً
۵۶	كَفَرُوْا	کفر کیا
۵۷	سَوَاءٌ	برابر
۵۸	ءَ	کہ
۵۹	أَنْذَرْتَ	ڈرائے تو (ن ذ ر)
۶۰	أَمْ	یا
۶۱	لَمْ	نہیں
۶۲	لَا يُؤْمِنُوْنَ	نہیں ایمان لائیں گے (ا م ن)
۶۳	خَتَمَ	مہر لگا دی
۶۴	قُلُوْبٌ	دل (جمع ہے قَلْبٌ کی)
۶۵	سَمْعِهِمْ	ان کی سماعت، ان کے کان
۶۶	أَبْصَارٌ	آنکھیں، بصیرت
۶۷	غِشَاوَةٌ	پردہ
۶۸	وَلَهُمْ	اور لئے ان کے
۶۹	عَذَابٌ	عذاب
۷۰	عَظِيْمٌ	بڑا

ع ۱

نمبر شمار	عربی	اردو
۷۱	النَّاسُ	لوگ
۷۲	مَنْ	جو شخص، بعض شخص
۷۳	يَقُوْلُ	کہتا ہے۔ قَالَ: ک قَوْلٌ: کہنا۔
۷۴	اٰمَنَّا	ایمان لائے ہم
۷۵	مَا هُمْ	نہیں وہ
۷۶	يُخٰدِعُوْنَ	دھوکہ دیتے ہیں (خ د ع)
۷۷	إِلَّا	مگر
۷۸	أَنْفُسَهُمْ	نفس ان کے، جانیں ان کی (ن ف س)
۷۹	مَا يَشْعُرُوْنَ	نہیں شعور رکھتے ہیں، نہیں سمجھتے
۸۰	مَرَضٌ	مرض، روگ
۸۱	فَ	پس
۸۲	زَادَ	زیادہ کیا
۸۳	أَلِيْمٌ	دردناک
۸۴	بِمَا	ساتھ، جو کچھ
۸۵	كَانُوْا	تھے (كَانَ: تھا)

نمبر شمار	عربی	اردو
۸۶	يَكْذِبُوْنَ	جھوٹ بولتے
	(ك ذ ب)	
۸۷	إِذَا	جب
۸۸	قِيْلَ	کہا جاتا ہے۔ کہا گیا
۸۹	لَهُمْ	لئے اُن کے
۹۰	لَا تُفْسِدُوْا	مت فساد کرو
	(ف س د)	
۹۱	فِي الْأَرْضِ	بیچ زمین کے
۹۲	قَالُوْا	کہا انھوں نے
۹۳	إِنَّمَا	صرف، درحقیقت
۹۴	نَحْنُ	ہم
۹۵	مُصْلِحُوْنَ	اصلاح کرنیوالے
	(ص ل ح)	
۹۶	أَلَا	یاد رکھو، خبردار، خوب سمجھ لو
۹۷	مُفْسِدُوْنَ	فساد کرنے والے
	(ف س د)	
۹۸	لٰكِنْ	لیکن
۹۹	اٰمِنُوْا	ایمان لاؤ
۱۰۰	كَمَا	جیسے کہ، جسطرح
۱۰۱	أَ	کیا؟

نمبر شمار	عربی	اردو
۱۰۲	سُفَهَآءُ	بے وقوف
۱۰۳	لَقُوْا	ملاقات کی
	(ل ق ی)	
۱۰۴	اٰمَنَّا	ایمان لائے ہم
۱۰۵	خَلَوْا	خلوت میں ہوئے، تنہائی میں ہوئے
	(خ ل و)	
۱۰۶	شَيَاطِيْنُ	شیطان صفت سردار
۱۰۷	مُسْتَهْزِءُوْنَ	ہنسی کرتے ہیں، ٹھٹھا کرتے ہیں
	(ھ ز ء)	
۱۰۸	يَمُدُّ	مدت دیتا ہے، بڑھاتا ہے، کھینچتا ہے
۱۰۹	طُغْيَانُ	شرارت، سرکشی
۱۱۰	يَعْمَهُوْنَ	اندھے ہو کر بہک رہے ہیں۔
	(ع م ہ)	
۱۱۱	اِشْتَرَوْا	خریدا انھوں نے
	(ش ر ی)	
۱۱۲	ضَلَالَةٌ	گمراہی
۱۱۳	هُدٰی	ہدایت

نمبر شمار	عربی	اردو
۱۱۴	فَمَا	پس نہیں
۱۱۵	رَبِحَتْ	فائدہ مند (مَا رَبِحَتْ :- نہ فائدہ مند ہوئی)
۱۱۶	تِجَارَۃٌ	کاروبار، تجارت
۱۱۷	مُهْتَدِيْنَ	ہدایت والے
۱۱۸	مَثَلٌ	مثال
۱۱۹	كَ	جیسے کہ
۱۲۰	اَلَّذِیْ	وہ شخص جو
۱۲۱	اِسْتَوْقَدَ	جلائی، سلگائی، روشن کی (و ق د)
۱۲۲	نَارٌ	آگ
۱۲۳	فَلَمَّا	پس جب
۱۲۴	اَضَآءَتْ	روشن ہوئی (ض و ء)
۱۲۵	حَوْلَهٗ	اس کے اردگرد
۱۲۶	ذَهَبَ	لے گیا، چھین لیا
۱۲۷	تَرَكَ	چھوڑ دیا
۱۲۸	فِیْ	بیچ، میں
۱۲۹	ظُلُمٰتٌ	اندھیاری
۱۳۰	لَا یُبْصِرُوْنَ	نہیں دیکھتے (ب ص ر)

نمبر شمار	عربی	اردو
۱۳۱	صُمٌّ	بہرے
۱۳۲	بُكْمٌ	گونگے
۱۳۳	عُمْیٌ	اندھے
۱۳۴	فَهُمْ	پس وہ
۱۳۵	لَا یَرْجِعُوْنَ	نہیں رجوع ہونگے (ر ج ع)
۱۳۶	اَوْ	یا
۱۳۷	كَ	جیسے کہ
۱۳۸	صَیِّبٌ	بارش
۱۳۹	سَمَآءٌ	آسمان
۱۴۰	رَعْدٌ	گرج
۱۴۱	بَرْقٌ	بجلی
۱۴۲	یَجْعَلُوْنَ	ڈالے لیتے ہیں
۱۴۳	اَصَابِعَ	انگلیاں (واحد:- اِصْبَعٌ)
۱۴۴	اٰذَانٌ	کان (واحد: اُذُنٌ)
۱۴۵	صَوَاعِقُ	کڑک (واحد: صَاعِقَةٌ)
۱۴۶	حَذَرٌ	ڈر
۱۴۷	مَوْتٌ	موت

نمبر شمار	عربی	اردو
۱۴۸	مُحِيْطٌ	گھیرنے والا
۱۴۹	يَكَادُ	قریب ہے
۱۵۰	يَخْطَفُ	اچک لیتا ہے
		(خ ط ف)
۱۵۱	كُلَّمَا	جب بھی
۱۵۲	مَشَوْا	چل پڑے
		(م ش ی)
۱۵۳	إِذَا	جب
۱۵۴	أَظْلَمَ	اندھیرا ہوا
		(ظ ل م)
۱۵۵	قَامُوْا	کھڑے ہوئے
۱۵۶	لَوْ	اگر
۱۵۷	شَآءَ	چاہنا
		(ش ی ء)
۱۵۸	كُلِّ شَيْءٍ	ہر چیز
۱۵۹	قَدِيْرٌ	قادر ہے
		ع ۲
۱۶۰	يَآ أَيُّهَا النَّاسُ	اے لوگو!
۱۶۱	اُعْبُدُوْا	عبادت کرو
۱۶۲	رَبَّ	
		(جمع: أَرْبَابٌ)

نمبر شمار	عربی	اردو
۱۶۳	كُمْ	تمہارا
۱۶۴	اَلَّذِيْ	وہ جس نے
۱۶۵	خَلَقَ	پیدا کیا
۱۶۶	لَعَلَّكُمْ	تاکہ تم، شاید تم
		(لَعَلَّ: شاید، تاکہ)
۱۶۷	تَتَّقُوْنَ	ڈرو تم
		(و ق ی)
۱۶۸	جَعَلَ	بنایا
۱۶۹	لَكُمْ	تمہارے لئے
۱۷۰	اَرْضٌ	زمین
۱۷۱	فِرَاشًا	بچھونا، فرش
۱۷۲	بِنَاءٌ	عمارت
۱۷۳	اَنْزَلَ	اتارا
		(ن ز ل)
۱۷۴	مَاءٌ	پانی
۱۷۵	اَخْرَجَ	نکالا
		(خ ر ج)
۱۷۶	بِهٖ	ساتھ اس کے
۱۷۷	مِنْ	سے

نمبر شمار	عربی	اردو
۱۷۸	ثَمَرَاتٌ	پھل (واحد: ثَمَرَۃٌ)
۱۷۹	فَلَاتَجْعَلُوْا	پس مت بناؤ (جَعَلَ: بنانا)
۱۸۰	أَنْدَادًا	مقابل، برابر، ہم صفت
۱۸۱	أَنْتُمْ	ہو تم
۱۸۲	تَعْلَمُوْنَ	تم جانتے ہو (عَلِمَ: جاننا)
۱۸۳	إِنْ	اگر
۱۸۴	كُنْتُمْ	ہو تم
۱۸۵	فِيْ	میں، بیچ
۱۸۶	رَيْبٌ	شک
۱۸۷	نَزَّلْنَا	اتارا ہم نے (ن ز ل)
۱۸۸	عَلٰى	اوپر
۱۸۹	عَبْدٌ	بندہ
۱۹۰	فَأْتُوْا	پس لے آؤ
۱۹۱	سُوْرَۃٌ	سورت (قرآن کی) جمع، سُوَرٌ
۱۹۲	مِثْلِهٖ	اسکی مثال، اسکے مثل

نمبر شمار	عربی	اردو
۱۹۳	وَادْعُوْا	اور پکارو
۱۹۴	شُهَدَاءُ	گواہ، حمایتی (واحد: شَهِيْدٌ)
۱۹۵	مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ	سوائے اللہ کے
۱۹۶	صٰدِقِيْنَ	سچے (واحد: صادِقٌ۔ مادّہ: ص دق)
۱۹۷	فَ	پس
۱۹۸	إِنْ	اگر
۱۹۹	لَمْ	نہیں
۲۰۰	تَفْعَلُوْا	تم کر سکو گے (ف ع ل)
۲۰۱	لَنْ	نہیں ہرگز نہیں
۲۰۲	اَلَّتِيْ	وہ جو (مؤنث کیلئے)
۲۰۳	وَقُوْدُ	ایندھن
۲۰۴	هَا	اس کا (مؤنث کیلئے)
۲۰۵	حِجَارَۃٌ	پتھر
۲۰۶	أُعِدَّتْ	تیار کر دی گئی
۲۰۷	كَافِرِيْنَ	حق کا انکار کرنیوالے (واحد: کافر)
۲۰۸	بَشِّرْ	بشارت دے (بَشَارَۃٌ: خوشخبری)

نمبر شمار	عربی	اردو
۲۰۹	عَمِلُوْا	عمل کیا انھوں نے
۲۱۰	صَالِحَاتُ	نیک اچھے (مذکر: صَالِحُوْنَ)
۲۱۱	اَنَّ	کہ
۲۱۲	لَهُمْ	لئے ان کے
۲۱۳	جَنّٰتٍ	جنت، باغات (واحد: جَنَّةٌ)
۲۱۴	تَجْرِیْ	بہتی ہیں، چلتی ہیں
۲۱۵	تَحْتَ	نیچے
۲۱۶	اَنْهَارُ	نہریں (واحد: نَهْرٌ)
۲۱۷	کُلَّمَا	جب کبھی
۲۱۸	رُزِقُوْا	رزق دئے گئے یا رزق دئے جائینگے
۲۱۹	ثَمَرَةٌ	میوہ، پھل (جمع ثَمَرَاتٌ)
۲۲۰	هٰذَا	یہ
۲۲۱	اُتُوْا	دیئے گئے
۲۲۲	مُتَشَابِهًا	ملتا جلتا
۲۲۳	اَزْوَاج	جوڑے، بیویاں
۲۲۴	مُطَهَّرَةٌ	پاک، صاف، ستھرے۔
۲۲۵	خٰلِدُوْنَ	ہمیشہ رہنے والے
۲۲۶	لَایَسْتَحْیِ	نہیں شرماتا
۲۲۷	یَضْرِبُ مَثَلًا	بیان کرے گا کوئی بھی مثال۔
۲۲۸	بَعُوْضَةً	مچھر
۲۲۹	فَمَافَوْقَهَا	یا پھر اس سے بھی بڑھ کر۔
۲۳۰	فَاَمَّا	پس جو
۲۳۱	اَنَّهُ	کہ وہ
۲۳۲	حَقٌّ	حق۔ ٹھیک بات
۲۳۳	مَاذَا	کیا؟
۲۳۴	اَرَادَ	ارادہ کیا
۲۳۵	یُضِلُّ	گمراہ کرتا ہے
۲۳۶	یَهْدِیْ	ہدایت کرتا ہے
۲۳۷	کَثِیْرً	بہت سے
۲۳۸	اِلَّا	مگر
۲۳۹	فَاسِقِیْنَ	فاسق لوگ (ف س ق)
۲۴۰	یَنْقُضُوْنَ	توڑتے ہیں (ن ق ض)
۲۴۱	عَهْد	اقرار۔ وعدہ

نمبر شمار	عربی	اردو
۲۴۲	مِنْ بَعْدِ	اس کے بعد
۲۴۳	مِیْثَاق	مضبوط عہد کی پختگی
۲۴۴	یَقْطَعُوْنَ	قطع کرتے ہیں، کاٹتے ہیں۔ (ق ط ع)
۲۴۵	اَمَرَ	حکم دیا
۲۴۶	یُوْصَلُ	جوڑنا تعلقات کا (و ص ل)
۲۴۷	خٰسِرُوْنَ	خسارہ پانے والے (خ س ر)
۲۴۸	کَیْفَ	کسطرح، کیونکر؟
۲۴۹	اَمْوَاتًا	مردے۔ بے جان (مادہ: م و ت)
۲۵۰	فَاَحْیَاکُمْ	پس جلایا تم کو، زندہ کیا
۲۵۱	ثُمَّ	پھر
۲۵۲	تُرْجَعُوْنَ	لوٹائے جاؤ گے تم (ر ج ع)
۲۵۳	خَلَقَ	بنایا
۲۵۴	لَکُمْ	لئے تمہارے
۲۵۵	جَمِیْعًا	سب

نمبر شمار	عربی	اردو
۲۵۶	اِسْتَوٰی	متوجہ ہوا قصد کیا
۲۵۷	اِلٰی	طرف
۲۵۸	سَوّٰی	ٹھیک، درست کیا
۲۵۹	ھُنَّ	ان کو (مؤنث کیلئے)
۲۶۰	سَبْعَ	سات
۲۶۱	سَمٰوٰت	آسمان (واحد: سَمَاءٌ)
۲۶۲	عَلِیْمٌ	جاننے والا (ع ل م)
		ع ۳
۲۶۳	رَبُّكَ	تیرا رب
۲۶۴	لِ	لئے
۲۶۵	مَلٰٓئِکَۃِ	فرشتے
۲۶۶	اِنِّیْ	بے شک میں
۲۶۷	جَاعِلٌ	بنانے والا
۲۶۸	خَلِیْفَۃً	نائب
۲۶۹	یَسْفِكُ	بہائے گا
۲۷۰	دِمَاءٌ	خون، لہو
۲۷۱	نُسَبِّحُ	ہم پاکی بیان کرتے ہیں۔ (س ب ح)

نمبر شمار	عربی	اردو
۲۷۲	نُقَدِّسُ	ہم تقدیس بیان کرتے ہیں۔
		(ق د س)
۲۷۳	لَكَ	تیرے لئے
۲۷۴	عَلَّمَ	سکھایا
۲۷۵	اَسْمَاءَ	نام
		(واحد: اِسْمٌ)
۲۷۶	كُلَّهَا	سارے، سب
۲۷۷	عَرَضَ	پیش کیا
۲۷۸	اَنْبِئُوْنِیْ	خبر دو
		(ن ب ء)
۲۷۹	نِیْ	مجھے
۲۸۰	هٰؤُلَاءِ	یہ سب
۲۸۱	سُبْحٰنَكَ	پاک ہے تو
۲۸۲	لَنَا	لئے ہمارے
۲۸۳	عَلَّمْتَ	سکھایا تو نے
۲۸۴	اِنَّكَ	بے شک تو
۲۸۵	اَنْتَ	تو
۲۸۶	عَلِیْمُ حَكِیْمُ	جاننے والا، حکمت والا
۲۸۷	فَلَمَّا	پس، جب

نمبر شمار	عربی	اردو
۲۸۸	اَلَمْ اَقُلْ	کیا نہیں کہا میں نے
۲۸۹	اَعْلَمُ	جانتا ہوں میں
۲۹۰	تُبْدُوْنَ	ظاہر کرتے ہو تم
		(مادہ: ب د ء)
۲۹۱	تَكْتُمُوْنَ	تم چھپاتے ہو
